سرگودھا

1018 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2015-17 & 2016-18) دستخط امیدوار..................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3021** (گروپ پہلا) کل نمبر 15

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے۔ | جائیداد خریدنے پر | خیرات کرنے میں | کتابوں پر | کھانے پینے پر |
| 2 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔ | بالشت بھر | چھے فٹ | ایک ایک فٹ | گز بھر |
| 3 | 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی۔ | غزلوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیے کی طرف | شہر آشوب کی طرف |
| 4 | سبق ''ملمع'' اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے۔ | داستان | افسانہ | مضمون | ناول |
| 5 | چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے۔ | نمکین | میٹھا | کھٹا | کڑوا |
| 6 | سبق ''نام دیو مالی'' میں گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔ | ضرر رساں | بے سود | مفید | آب حیات |
| 7 | حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی | آدھا مربع | ایک مربع | دو مربعے | تین مربعے |
| 8 | رَن کی زمین سُرخ تھی اور آسماں تھا۔ | سبز | نیلا | زرد | سُرخ |
| 9 | ''جیوے جیوے پاکستان'' کا تخلیق کار ہے۔ | جمیل الدین عالی | جوش ملیح آبادی | حفیظ جالندھری | احسان دانش |
| 10 | شاعر ''مرزا محمود سرحدی'' نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے۔ | مال روڈ | مال گودام روڈ | طارق روڈ | بندر روڈ |
| 11 | درست تلفظ ہے۔ | حِساب | حُساب | حَساب | حُسّاب |
| 12 | ''قائد ملت'' گرامر کی رو سے کیا ہے۔ | خطاب | لقب | تخلص | کنیت |
| 13 | درست تلفظ ہے۔ | اِسلام | اِسلام | اُسلام | اَسلام |
| 14 | ''چھری'' گرامر کی رو سے کیا ہے۔ | اسم مکبر | اسم صوت | اسم آلہ | اسم ظرف مکاں |
| 15 | ''ٹن ٹن'' گرامر کی رو سے کیا ہے۔ | اسم آلہ | اسم صوت | اسم ظرف | ظرف زماں |

1001 -- 1018 -- 55000 (1) SGD-10-1-18

www.taleem360.com

1018 (جماعت دہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو لازمی (انشائیہ) (سیشن 2015-17 & 2016-18) سیکنڈری پارٹ (II)

وقت: 2.10 گھنٹے (گروپ پہلا) کل نمبر 60

## حصہ ---------------- اول

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

### (حصہ نظم)

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا ☆ وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) ہے کوئی، ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں ☆ پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں

(iii) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو ☆ جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

(iv) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح ☆ اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

### (حصہ غزل)

(v) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ☆ یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام ☆ کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا ☆ ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) دراصل خود مرزا صاحب شہرت سے گھبراتے تھے اور پبلک پلیٹ فارم پر آنا پسند نہیں کرتے تھے۔ کام کرتے تھے ستائش کی تمنا اور صلے کی پروا سے بے نیاز ہو کر۔ کام کرتے تھے اپنی تسکین کے لیے۔ کام کرتے تھے اس لیے کہ انھیں کام کرنا ہوتا تھا۔ فرمائشی کام انھوں نے ساری عمر نہیں کیے۔ انھوں نے اب سے 55 سال پہلے سر عبدالقادر کے رسالے مخزن میں مضمون لکھے، مگر شیخ صاحب کی فرمائش پر نہیں۔

(ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اُس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟
(ii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟
(iii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟
(iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟
(v) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟
(vi) میر انیس کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟
(vii) فراق گورکھپوری نے اپنی غزل میں سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟
(viii) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) نظریہ پاکستان (ii) نام دیو مالی (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) یوم آزادی (ii) ماں باپ کے ساتھ سلوک (iii) چڑیا گھر کی سیر

7۔ مندرجہ ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں، وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہوگئی اور سب نے تہیہ کر لیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کر دیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا۔ اور سارا انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی، احمد نگر پر حملہ کیا لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اُس کے دانت کھٹے ہو گئے۔

سوالات:- (i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟ (ii) چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟
(iii) شاہی فوج کے حملے کا کیا انجام ہوا؟ (iv) فتح کس فوج کو حاصل ہوئی؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔



www.taleem360.com

1018 (جماعت نہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..............................

اردو لازمی (معروضی) سیکنڈری پارٹ (II) (سیشن 2015-17 & 2016-18) دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ **PAPER CODE 3026** (گروپ دوسرا) کل نمبر 15

**نوٹ:-** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

www.taleem360.com

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ______ وہ اسم ہے جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے۔ | اسم مشتق | اسم جامد | اسم مصدر | ان میں سے کوئی نہیں |
| 2 | صفت اصلی کے درجے ہیں۔ | چار | تین | دو | ایک |
| 3 | مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کردیتے تھے۔ | جائیداد خریدنے پر | خیرات کرنے میں | کتابوں پر | کھانے پینے پر |
| 4 | مسلم لیگ کس نے قائم کی؟ | سرسید احمد خاں | نواب محسن الملک | قائد اعظم | نواب وقار الملک |
| 5 | سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا۔ | BLANK | بونٹ پلاؤ | فیرنی | بریانی |
| 6 | چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟ | نمکین | میٹھا | کھٹا | کڑوا |
| 7 | ڈاکٹر صاحب بڑے ______ آدمی تھے۔ | عالم | درویش | سیاسی | دانشور |
| 8 | مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا؟ | کلکتہ | سکندر آباد | کول | آگرہ |
| 9 | مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے۔ | احمد مرزا | قرض خواہ دوست | شاکر صاحب | محمد تحسین |
| 10 | کائنات کا وجود اللہ تعالیٰ کے | احکامات کا نتیجہ ہے | چاہنے کا نتیجہ ہے | حرف کن کا نتیجہ ہے | ان سب کی وجہ سے |
| 11 | شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اڑایا ہے؟ | مال گودام روڈ | مال روڈ | بندر روڈ | طارق روڈ |
| 12 | دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟ | کج ادا سے | دلربا سے | خوش ادا سے | ل کے بھی جو نہیں ملتا |
| 13 | درست تلفظ والے لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | مِسافِر | مُسَافِر | مُسَافَر | مَسَافِر |
| 14 | درست تلفظ والے لفظ کی نشاندہی درکار ہے۔ | اَفضَل | اِفضَل | اَفضَل | اُفضَل |
| 15 | ماضی استمراری | وہ دوڑا | وہ دوڑتا تھا | وہ دوڑتا | ان میں سے کوئی نہیں |

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

10اردو لازمی (جماعت دہم) (انشائیہ)

وقت: 2.10 گھنٹے

(سیشن 2015-17 & 2016-18)

(گروپ دوسرا)

سیکنڈری پارٹ (II)

کل نمبر 60

حصہ ---------------- اول

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار) (10)

( حصہ نظم )

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے ☆ بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے ☆ اور تیرے کواکبِ تقدیر کا پر تو بھی ہے

(iii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی ☆ جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iv) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام ☆ اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

( حصہ غزل )

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے ☆ تری آرزو رہنما ہوگئی ہے

(vi) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا ☆ رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(vii) یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں ☆ دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) ایسا معلوم ہوا کہ جیسے کوئی پالکی کے پاس بول رہا ہے۔ منہ نکال کر جو دیکھا تو بیگم کیا کہوں ایک بے جا کی شکل کا آدمی تھا۔ بکرے کا سا منہ، گھوڑے کی سی ٹانگیں اور پالکی آپ ہی آپ چلی جاتی تھی۔ نہ کہار تھے نہ کہاریاں۔ اب تو ڈر کے مارے میرا دم گھٹنے لگا۔ آنکھیں بند کر لیں اور کلمہ پڑھنے لگی۔ ڈھیر ہو کر رہ گئی۔ منٹ دو منٹ کے بعد پھر ہمت کی کہ اول مرنا، آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا اور للکار کر بولی: "ارے جوانِ مرگ، تو کون ہے جن یا بھوت؟

(ب) جیسے جیسے وہ بڑھتے اور پھولتے پھلتے اس کا دل بھی بڑھتا اور پھولتا تھا ان کو توانا اور تاننا دیکھ کر اس کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ جاتی کبھی کسی پودے میں اتفاق سے کیڑا لگ جاتا یا کوئی اور روگ پیدا ہو جاتا تو اسے بڑا فکر ہوتا۔ بازار سے دوائیں لاتا باغ کے داروغہ یا جھ سے کہہ کر منگاتا۔ دن بھر اسی میں لگا رہتا اور اس پودے کی ایسی سیوا کرتا۔ جیسے کوئی ہمدرد اور نیک دل ڈاکٹر اپنے عزیز بیمار کی کرتا ہے ہزار جتن کرتا اور اُسے بچا لیتا۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

(i) اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

(ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

(iii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟

(iv) مصنف کے شریکِ سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔

(v) مشکل حالات میں کیا رویہ اپنانا چاہیے؟

(vi) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(vii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق ہے؟

(viii) شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (05)

(i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) زم زم (ii) تندرستی ہزار نعمت ہے (iii) والدین کی اطاعت

7۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا۔ بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ کوئی نہیں۔

سوالات:- (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔



www.taleem360.com